© rasailojaraid.com



# تذکارِ صحابیات (رض)

مؤلفہ : طالب ہاشمی ضخامت : ساڑھے پانچ صد صفحات ، بڑا سائز

ہر صفحہ بیلدار ، سفید کاغذ ، دیدہ زیب کتابت ، مجلد حسین گرد پوش سے آراستہ

قیمت : ۴۵ روپے ناشر : ادارہ الحنات ، نزد چونگی ملتان روڈ ۔ لاہو

جناب طالب الہاشمی کا نام پاکستان کے علمی حلقوں میں کسی تعارف کا محتاج نہیں ۔ وہ سالہا سال سے گوشۂ عز کرتن تنہا اتنا علمی کام کر چکے ہیں کہ بڑے بڑے اداروں کو ان پر رشک آنا چاہیئے ۔ ان کا خاص موضوع سیرت و سوانح ۔ سلسلہ میں اب تک ان کی بیس سے زیادہ کتابیں منظر عام پر آچکی ہیں ہمیں افسوس ہے کہ فاضل مؤلف کی علمی کاوش کا ا سطح پر تجزیہ نہیں کیا گیا اور نہ ان سے بھر پور استفادہ کیا گیا ہے ۔ شاید اس کا سبب مؤلف کی گوشہ نشینی اور کم آمیزی ہے ۔ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرامؓ اور صحابیاتؓ ابعد انبیاء علیہم السلام کے بعد وہ نفوسِ قدسی ہیں کہ جن سے بہتر انسانو طلوع نہیں ہوا ۔ یہ وہ محسنین امت ہیں کہ جن سے محبت اور عقیدت ہمارے ایمان کی دلیل ہے اور ان سے بغض نفا ان نفوسِ قدسی کی تجلیاتِ ایمان و کردار کو پھیلانا ایک عظیم کام ہے ۔ جناب طالب ہاشمی کے حصے میں بہت بڑی سعادت کہ وہ مدتوں سے بڑے ذوق و شوق اور تندہی سے یہ فریضہ انجام دے رہے ہیں ۔ زیر نظر کتاب ان کی تازہ ترین تالیف کے اوراق پر وہ ۲۱۹ صحابیاتؓ کی تجلیاتِ ایمان و کردار کو سجا کر لاتے ہیں ۔ ان صحابیات میں ازواج مطہرات بھی شا بناتِ طاہرات بھی ۔ یہ کتاب اس لحاظ سے منفرد ہے کہ اس سے پہلے اردو زبان کی کسی کتاب میں اتنی زیادہ تعداد میں کے حالات یکجا نہیں ملتے ۔ مؤلف کی زبان شستہ و رفتہ اور اندازِ بیان ایسا دلکش ہے کہ قاری کو اپنے اندر جذب کر لیتا ہے انھوں نے اپنے پرخلوص اندازِ تحریر سے ہر صفحہ کو ایمان و یقین کا ایک ایسا گلدستہ بنا دیا ہے کہ جس کے پھولوں کی خوشبو مشامِ جان معطر اور ایمان تازہ ہو جاتا ہے ۔ یہ کتاب سیرت ، ادب اور تاریخ کا نہایت خوبصورت اور ماہرانہ امتزاج ہے پندرھویں صدی ہجری کے آغاز پر بلا شبہ یہ ایک ایمان افروز پیشکش ہے اور اسے کسی تردد کے بغیر خواتین اور ہاتھ میں دیا جا سکتا ہے ۔ ہمیں امید ہے کہ کوئی کتب خانہ اور مسلمان گھرانا اس کتاب سے خالی نہیں رہے گا ۔ ہم تو یہاں تک کہ ہر کالج اور اسکول کے لئے یہ لازم قرار دینا چاہیئے کہ وہ اس کتاب کی زیادہ سے زیادہ جلدیں خرید کر طلبہ اور طالبات کو اس کا موقع بہم پہنچائے ۔

© rasailojaraid.com